سوال

(466) یہ بات صحیح نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں نے بہت سے لوگوں سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے ۔کہ اگر چالیس سال یا اس سے زیادہ عمر میں پشانی پر سجدہ کرنے سے نشان نہ ہو تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اس انسان کا سجدہ صحیح نہیں یا ناقص ہے یہ بات کہاں تک صحیح ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ بات صحیح نہیں ہے بلکہ صحیح یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے سجدہ کو ضرور شرف قبولیت سے نوازتا ہے جب بندہ اخلاص کے ساتھ اپنے رب کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہو خواہ چالیس سال کی عمر سے پہلے یا بعد میں اس کی پشانی پر سجدہ کی علامت نمودار ہو یا نہ ہو یہ علامت آج کل غالباً لوگوں کی پشانیوں پر اس لئے بھی نمایاں نہیں ہوتی کہ اکثر لوگ نرم قالینوں اور مصلوں پر نماز ادا کرتے ہیں اور پھر یہ ضروری تو نہیں کہ پشانی پر سجدہ کی علامت نمایاں ہو اور اس کے نمایاں نہ ہونے سے سجدہ باطل نہیں ہوتا۔ (شیخ ابن جبرین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ : جلد1]

صفحہ نمبر 402

محدث فتویٰ